بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

مرکزی میڈیا آفس

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

منگل، 08 جمادی الثانیة 1438ھ | 07/03/2017 | نمبر: 1438 AH/034

پریس ریلیز

بین الاقوامی خواتین کانفرنس اور نمائش:"خلافت اور تعلیم: سنہرے دور کی تجدید " کی میزبانی مرکزی میڈیا آفس حزب التحریر شعبہ خواتین، مسلمہ حزب التحریر انڈونیشیا کے تعاون سے کرے گی

11 مارچ بروز ہفتہ مرکزی میڈیا آفس حزب التحریر شعبہ خواتین، مسلمہ حزب التحریر انڈونیشیا کے تعاون سے جکارتہ انڈونیشیا میں ایک اہم بین الاقوامی خواتین کی کانفرنس منعقد کررہی ہے۔ اس کا نفرنس کا عنوان ہے:"خلافت اور تعلیم: سنہرے دور کی تجدید "۔ اس کانفرنس کے ذریعے مسلم دنیا کو درپیش موجودہ تعلیمی بحران اور اس سے نکلنے کے حل پر روشنی ڈالی جائے گی۔ اس کانفرنس میں فلسطین، ترکی، تیونس، خلیجی ممالک، ملیشیا، برطانیہ، ہالینڈ اور انڈونیشیا سے خواتین مقرر ین شرکت فرمائیں گیں۔ اس کانفرنس میں تقریباً 1700 معزز خواتین شرکت فرمائیں گیں جن میں اساتذہ، لکچرار، دانشور اور تعلیمی ماہرین شامل ہوں گے۔ اس کے علاوہ شرکاء میں یونیورسٹی کے طلباء، طالب علم رہنما، کمیونیٹی رہنما، صحافی اور مختلف تنظیموں کے نمائندگان بھی شامل ہوں گے۔ اس کانفرنس میں تقاریر، پینل بات چیت اور مختلف نمائندگان اپنے اپنے علاقوں میں تعلیمی مسائل اور ناکامیوں کے حوالے سے مشاہدات بیان کریں گے۔ اس کانفرنس کو عربی، انگریزی اور بھاشا انڈونیشیا میں بین الاقوامی ناظرین کے لیے براہ راست پیش کیا جائے گا۔ اس کانفرنس سے پہلے جمعہ 10 مارچ کو ایک زبردست نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے جس میں کچھ اہم معاملات کو پیش کیا جائے گا جن کے متعلق کانفرنس میں بات چیت کی جائے گی۔ ان اہم معاملات میں خلافت کی تعلیمی پالیسی اور نصاب شامل ہیں۔ امید ہے کہ نمائش میں انڈو نیشیا بھر سے لوگ شرکت کریں گے ۔ یہ کانفرنس اور نمائش تین ہفتوں پر محیط عالمی مہم کے اختتام پر منعقد کی جارہی ہے جس میں مسلم دنیا میں تعلیم کی زبوں حالی کو بیان کیا گیا اور یہ بتایا گیا کہ کس طرح خلافت اس بحران سے مسلم دنیا کو نکالے گی اور عالمی معیار کا تعلیمی نظام مہیا کرے گی۔ کانفرنس میں جن امور پر بات چیت کی جائے گی وہ یہ ہیں: تعلیم کا حقیقی ہدف کیا ہونا چاہیے؛ مسلم دنیا میں تعلیم کو سیکولر کرنے کی موجودہ زبردست مہم؛ مسلم دنیامیں تعلیمی بحران کی وجوہات؛ خلافت کا تعلیمی وژن اور کس طرح وہ سنہری نسل اور تہذیب کو پیدا کرے گی؛ خلافت کس طرح عالمی معیار کا تعلیمی نظام کھڑا کرے گی؛ اسلامی حکومت میں خواتین کی تعلیم کے حوالے سے حقوق؛ اورموجودہ دور میں جب خلافت نہیں ہے تو کس طرح اسلامی تعلیم فراہم کی جائے۔

اس بات میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے کہ اس وقت مسلم دنیا شدید تعلیمی بحران کا شکار ہے۔ مسلم دنیا میں تعلیم کی یہ زبوں حالی ماضی کی صورتحال سے یکسر مختلف ہے جب خلافت کی اسلامی حکومت کی زیر سایہ ان علاقوں میں تعلیم کے حصول اور اس کی ترویج پر اس قدر توجہ دی گئی تھی کہ اسلامی ریاست دنیا میں علم کے حصول کا مرکز بن گئی تھی۔ تعلیم پر بھر پور توجہ دینے کا یہ نتیجہ تھا کہ بہت بڑی تعداد میں علماء، سائنسدان پیدا ہوئے ، نئے حقائق کی تسخیر اور ایجادات ہوئیں، اور ایسی تہذیب پیدا ہوئی جو دنیا کی سپر پاور بن گئی۔ اس کانفرنس اور نمائش کا مقصد عالمی سطح پر مسلمانوں کو اس بات کی دعوت دینا ہے کہ تعلیم اور سائنس کے اُس سنہری دور کے اجرا کے لیے نبوت کے طریقے پر خلافت کے دوبارہ قیام کے لیے کام کریں جو ایک ایسی زبردست تہذیب کی تعمیر کرے گی جو اسلام کے نظریہ حیات اور انصاف کے ذریعے دنیا کی رہنمائی کرے گی۔

کانفرنس جیدانغ پراجوریت، بالاج سودرمان جے آئی، ڈاکٹر سوہارتو نمبر 268 جکارتہ میں **11 مارچ بروز ہفتہ صبح 8 بجے** شروع ہو گی۔ نمائش جیدانغ پرویرا، بالاج سودرمان جے آئی، ڈاکٹر سوہارتو نمر 268 میں **10 مارچ بروز جمعہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے** تک منعقد ہو گی۔ ایک **پریس کانفرنس** ، **دوپہر 12 بجے کانفرنس کے دن** جیدانغ پراجوریت، بالاج سودرمان کے وی آئی پی کمرے میں منعقد کی جائے گی۔ کانفرنس اور نمائش میں صرف خواتین شرکت کریں گی لیکن مرد صحافی حضرات پریس کانفرنس میں شرکت کرسکتے ہیں۔اس مہم کے متعلق ان صفحات سے معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں: www.facebook.com/WomenandShariah اور https://goo.gl/g9Wt2B - مہم کی ویڈیو اس لنک پر دیکھی جاسکتی ہے: https://youtu.be/BorFxTAjG_c۔ کانفرنس کی براہ راست نشریات اس لنک پر دیکھی جاسکتی ہے: https://youtu.be/KwHEyQztPc4 - کانفرنس کو انگریزی میں اس لنک پر (11بجےGMT؛صبح 4بجے مدینہ ٹائم)دیکھا جا سکتا ہے: https://youtu.be/3bHHhxgJC3g - کانفرنس و نمائش سے متعلق مزید معلومات اور پریس کے نمائندگان کے اندراج کے لیے اس لنک پر رابطہ کریں: Khilafah.Education2017@gmail.com

ڈاکٹر نظرین نواز

ڈائریکٹر شعبہ خواتین مرکزی میڈیا آفس

حزب التحریر